جو چیز تمہیں شک میں ڈالے اسے چھوڑ کر وہ اختیار کرو جو شک میں نہ ڈالے کیوں کہ سچائی اطمینان ہے اور جھوٹ شک و شبہ ہے

ابو الحوراء سعدی کہتے ہیں : میں نے حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے پوچھا: آپ نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم سے کیا یاد کیا ہے؟ انھوں نے جواب دیا : میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم سے یہ یاد کیا ہے : "جو چیز تمہیں شک میں ڈالے اسے چھوڑ کر وہ اختیار کرو جو شک میں نہ ڈالے کیوں کہ سچائی اطمینان ہے اور جھوٹ شک و شبہ ہے"

[صحيح] [رواه الترمذي والنسائي وأحمد]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے ایسے اقوال و اعمال سے دور رہنے کا حکم دیا ہے، جن کے بارے میں یہ شک و شبہ پیدا ہو کہ ممنوع ہیں یا نہیں؟ حلال ہیں یا حرام؟ انسان کو ایسی چیزیں اپنانی چاہیے، جن کے اچھے اور حلال ہونے کا یقین ہو کیوں کہ ان سے انسان کا دل مطمئن رہتا ہے جب کہ شک و شبہ والی چیزیں انسان کے دل کو بے چین اور مضطرب رکھتی ہیں۔

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/4564